لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۴	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۶ ربیع الاول ۱۳۳۵ھ مطابق ۲۲ جنوری ۱۹۱۷ء	جلد ۲۹

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	رخصت عبدالقادر خاں افسر کارخانجات	۱
۲	تقرر عملہ جدید پریس	رر
۳	اضافہ کپتان ڈاکٹر محمد عبدالحکیم خانصاحب	۲
۴	چٹھی خوشنودی سر جیمس ڈوروماکسن صاحب بہادر	رر
۵	اضافہ رحمت علیخاں ڈرکیشودیا کاوشٹ	رر
۶	اضافہ سید نعمان علی محرر جشری	رر
۷	اضافہ محمد مبارک علیخاں منصرم سلوتری خانہ	رر
۸	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

ملخص احکام اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۲۰ جنوری ۱۹۱۷ء

محمد عبدالقادر خاں افسر کارخانجات کی مزید رخصت یک [illegible] بوجہ علالت [illegible] متعلقہ رخصتی سید علی اکبر مہتمم خانہ منظور فرمائی گئی۔

تقرر

۱۶ جنوری ۱۹۱۷ء

باستدعا صاحب ہوم سکرٹری بہادر [illegible] جدید پریس [illegible] منظور فرمایا گیا اور چونکہ [illegible] مطبع سرکاری [illegible] مطبع سرکاری [illegible]

روبکار اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۱۱ جنوری سنہ ۱۹۱۷ء

متعدد تحریرات سے معلوم ہوا کہ کپتان ڈاکٹر عبدالحکیم خاں سیدان جنگ میں خدمات مفوضہ محنت وکوشش سے انجام دے رہے ہیں۔ لہذا

حکم ہوا کہ

بصلۂ حسن خدمات مبلغ پچاس روپیہ ماہوار انکی تنخواہ موجودہ میں اضافہ کیا جاکر انکا خطاب جاری ہوں۔

حسب الحکم بندگان عالی حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

ترجمہ چٹھی مسٹر سر تھیوڈور ماریسن صاحب بہادر کے۔ سی۔ ایس۔ آئی۔ مورخہ ۱۰ دسمبر سنہ ۱۹۱۶ء بنام نامی اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

یور ہائینس کی امپیریل سروس انفنٹری کو اس حصۂ ملک میں دیکھکر مجھے بہت خوشی حاصل ہوئی ہے مجھے اسکے دو دستے علیحدہ علیحدہ ملے ایک تو بصرہ میں جو زیر کمان عباس علیخاں ہے اور دوسرا جہاں **موشی** میں۔ موشی کے دستہ نے جسقدر مجھے مدد دی ہے اسکی تعریف جہانتک کیجائے وہ کم ہے۔ ضلع تمہارے چارج میں ہے ایسی جسقدر بھی مدد مجھے ملتی ہے میں بہت خوش ہوتا ہوں خصوصاً جبکہ وہ بے فیاضی کے ساتھ اور بلا مانگے دی جائے جیسی کہ یور ہائینس کی فوج نے دی ہے۔

سب سے زیادہ میں کپتان عبدالحکیم خاں کا شکرگذار ہوں جسقدر مدد انہوں نے مجھے دی ہے اسکا اعتراف باضابطہ طور پر میں علیحدہ کرچکا ہوں اگرچہ قاعدہ میں وہ اپنے دستہ کے میڈیکل افسر ہیں مگر انہوں نے اپنی خوشی سے سول سرجن ضلع کے تمام فرائض اپنے ذمہ لے لیے ہیں۔ شفاخانہ کے انڈور اور آؤٹ ڈور مریضوں کا کام کرتے ہیں۔ شہر کی صفائی کی نگرانی کرتے ہیں اور کپتان علیخاں کی معاونت سے جو ایک بہت ہوشیار جوانمرد ہیں جیلخانہ کی نگرانی بھی کرتے ہیں۔ اسکے علاوہ وہ مجسٹریٹ شہر کا کام بھی کرتے ہیں اور شفاخانہ کے قریب روزانہ کچہری کرتے ہیں۔

یہ تمام کام اپنے ذمہ لینے سے انہوں نے میرے سر سے ایک بار عظیم اٹھا لیا ہے اور ضلع کے انتظام کی اصلاح میں میری بہت امداد کی ہے میرے نزدیک وہ خاص مراعات کے مستحق ہیں۔

جو کچھ وہ کام کررہے ہیں وہ علاوہ انکے فرائض منصبی کے ہے اور انکا اپنی خوشی سے یہ خدمات بجالانا سلطنت کی بڑی خیر خواہی ہے۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر

اضافہ

۱۱ جنوری سنہ ۱۹۱۷ء

حسب تحریر منیجر صاحب اسٹیٹ فیکٹریز رحمت علیخاں اکاؤنٹنٹ شکر سازی کیشو پور اکاؤنٹنٹ سال کا دس دس روپیہ اضافہ ۱۱ مئی سنہ ۱۹۱۶ء سے کیا گیا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

اضافہ

۱۳ جنوری سنہ ۱۹۱۷ء

حسب سفارش رجسٹرار صدر بوجہ حسن انجام خدمات متعلقہ سید غلمان علی محرر رجسٹری صدر کا دو روپیہ ماہوار اضافہ ہوا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر

اضافہ

۱۱ جنوری سنہ ۱۹۱۷ء

حسب سفارش صاحب سپرنٹنڈنٹ ذات خاص پانچ روپیہ اضافہ محمد مبارک شاہ خاں منصرم سلحخانہ خاص کا منظور ہوا۔

نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۱۵ لغایت ۲۱ جنوری سنہ ۱۹۱۷ء

نام جنس	صدر تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۸ سار		۸۰ سار	۸ سار	۸ سار		تحصیل شاہ آباد و تحصیل ٹانڈہ سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۹ سار	.	۸۰ سار	۱۰ سار	۱۰ سار		
نخود کسہ آمیز	۱۰ سار		۸ سار	۱۰ سار	۱۰ سار		
کسہ	۱۱ سار		۰	۰	۱۱ سار		
بشنس	۵ سار		۵۰ سار	۵۰ سار	۵۰ سار		
مونگ	۱۰ سار		۸ سار	۸ سار	۸۰ سار		
مکا	۱۴ سار		۱۲ سار	۱۲ سار	۱۲۰ سار		
جئی	۱۲ سار		۰	۱۲۰ سار	۱۲ سار		
گوجئی	۱۲ سار		۰	۱۰ سار	۱۱ سار		
مسور	۰		۰	۰	۱۳ سار		
ارہر	۱۱ سار		۰	۰	۱۰ سار		
برنج	۸ سار		۸ ۹ سار	۸ سار	۸۰ سار		
روغن زرد	۰ سار		۰ سار	۰ سار	۰ سار		
روغن سیاہ	۴ سار		۲ سار	۲ سار	۲ سار		
روغن گندہ	۲ سار		۲	۱ سار	۱ سار		
نمک سانبھر	۱۰ سار		۱۱ سار	۱۱ سار	۱۰ سار		
نمک لاہوری	۸ سار		۸ سار	۸ سار	۹ سار		
قند سیاہ	۵ سار		۶ سار	۵ سار	۵ سار		
باجرہ	۱۱ سار		۱۰ سار	۱۱ سار	۱۰ سار		